F. 6-4 (Edit) /2016 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 3/11/2016

عام اردو قارئین تک کتابوں کی رسائی ضروری: پروفیسر ارتضیٰ کریم

اردو ادب پینل کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: ایسی نادر و نایاب پرانی کتابیں جو فی الوقت کچھ خاص لائبریریوں اور ذاتی کتب خانوں کی زینت بنی ہوئی ہیں وہاں تک عام اردو قارئین کی رسائی ممکن نہیں ہے ایسی کتابوں کو کونسل اپنی اشاعتی اسکیم میں ترجیحی طور پر شامل کرنا چاہتی ہے تاکہ محبانِ اردو اس سے استفادہ کرسکیں۔ اس ضمن میں کونسل سے عبدالقادر سروری کی دو اہم کتابیں 'کردار اور افسانہ یعنی دنیائے افسانہ' اور 'اصولِ افسانہ نگاری' جلد از جلد شائع ہوکر منظر عام پر آرہی ہیں۔ یہ باتیں کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ اردو ادب پینل کی میٹنگ میں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ کونسل کا ایک نکاتی پروگرام اردو کا فروغ ہے اور اس سمت میں تیز رفتاری سے کام ہو رہا ہے۔ ہمیں نہ صرف تمام پینل کے ممبران سے مدد مل رہی ہے بلکہ موجودہ حکومت ہند کی خاص عنایت بھی حاصل ہے۔ انھوں نے مزید کہا کی کتابوں کی اشاعت میں جو تاخیر ہوتی ہے اس کی بڑی وجہ پروف ریڈر اور کمپوزر کی شدید کمی ہے۔ اس بات پر تمام ممبران نے متفقہ طور پر پروف ریڈر اور کمپوزر کی بحالی کی منظوری دی۔

اس پینل کی صدارت پروفیسر اعجاز علی ارشد (شیخ الجامعہ مولانا مظہرالحق عربی و فارسی یونیورسٹی) نے کی۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے پاس جو مسودے اور پروپوزل آتے ہیں اسے حتمی صورت دینے میں تمام ممبران پوری شفافیت کے ساتھ فیصلہ لیتے ہیں تاکہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہونے پائے۔ اس موقعے پر بہار اردو اکادمی کے سکریٹری جناب مشتاق احمد نوری نے کہا کہ یہاں علاقائیت اور عصبیت سے بالاتر ہوکر فیصلے لیے جاتے ہیں تاکہ ملک کے کسی خطے کے ساتھ سوتیلے پن کا اظہار نہ ہونے پائے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر پینل میں جو ممبران ہوتے ہیں وہ ملک کے طول و عرض سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس موقعے پر پروفیسر قمر جہاں، پروفیسر سلیمہ بی کولور اور محترمہ جبیں غزال نے بھی اپنے قیمتی آرا سے نوازا۔

میٹنگ میں پروفیسر اعجاز علی ارشد، پروفیسر قمر جہاں، ڈاکٹر نریش، پروفیسر رئیس انور، جناب مشتاق احمد نوری، پروفیسر سلیمہ بی کولور، محترمہ جبیں غزال کے علاوہ قومی اردو کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، اسسٹنٹ ڈائرکٹر (اکیڈمک) ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، محترمہ آبگینہ عارف اور ڈاکٹر شاہد اختر نے شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)